TERM-2

CLASS-10TH MODEL QUESTION PAPER URDU ELECTIVE/ADDITIONAL

کل نمبر:۴۰ وقت:3 گھنٹے

نوٹ:۔ ۲ نمبر خوشخطی کے ہیں۔

سوال نمبر۱:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات تحریر کرو:۔ ۵

۱۔ نواب صاحب کیوں ناراض تھے؟

۲۔ قرۃالعین حیدر کے والد کا کیا نام تھا؟

۳۔ شاعر چڑیوں کو کیوں بلا رہا ہے؟

۴۔ پرانے زمانے کی تین بڑی یونیورسٹیوں کے نام لکھو۔

۵۔ یاسر نے ماں سے کیا پوچھا؟

۶۔ شہد کی مکھی باغ میں کیوں آتی ہے؟

۷۔ شہد کی مکھی لوگوں کو کیا پیغام دیتی ہے؟

سوال نمبر۲:۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے تین کا مطلب لکھو۔ ۶

۱۔ ہنر سیکھا، زمانہ عیب کا تھا
خطا کی اور ہم نے جان کر کی

۲۔ بہت رسوا ہوئے بس اے دعا بس
خوشامد اب نہیں ہوتی اثر کی

۳۔ رکھتے ہو اگر ہوش تو اس بات کو سمجھو
تم شہد کی مکھی کی طرح علم کو ڈھونڈو

۴۔ فطرت کی دی ہوئی مسرت کھو کر
اوروں کو نہ کر ملول، غمگین ہو کر

۵۔ یہ عمر بہر حال گزر جائے گی
ہنس ہنس کے اسے گزار یا رو رو کر

سوال نمبر۳:۔ خالی جگہوں کو دیئے گئے مناسب الفاظ سے پُر کیجئے:۔ ۴

تاریخ، عینی آپا، فکشن نگار، پاکستان

۱۔ قرۃ العین حیدر اردو کی اہم ------------- تھی۔

۲۔ تقسیمِ ملک کے بعد وہ اپنے خاندان کے ساتھ ------------- چلی گئیں۔

۳۔ ان کے دوست اور ادبی حلقے کے لوگ انہیں محبت سے ------------- کہتے تھے۔

۴۔ ------------- ان کا پسندیدہ موضوع تھا۔

سوال نمبر۴:۔ دیئے گئے الفاظ سے جملے بنایئے:۔ ۴

اچھلنا، زندگی، شہرت، ابتدا، ایجاد

سوال نمبر۵:۔ نیچے دیئے ہوئے لفظوں میں مذکر اور مونث کی نشاندہی کیجئے:۔ ۳

چشمہ، نہر، گھر

سوال نمبر۶:۔ اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام فیس معافی کے لیئے یا
لائبریری میں اردو میگزین لگوانے کے لیئے عرضی لکھو۔ ۸

سوال نمبر۷:۔ کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کرو:۔
حضرت محمدؐ، صبح کی سیر، دیوالی ۸